© rasailojaraid.com

# اسلامک دعوہ اکیڈمی لیسٹر (برطانیہ)

مجمع الدعوۃ الاسلامی لیسٹر کا قیام ۱۹۹۱ء میں عمل میں آیا اور اس سال شعبان میں پہلا مکمل سال اختتام کو پہونچا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اور بزرگوں کی دعاؤں اور توجہات کی برکت سے یہ سال ہر طرح سے نہایت ہی عافیت کے ساتھ گزرا۔

رمضان المبارک ۱۴۱۳ھ کے بعد مجمع الدعوۃ الاسلامی کی نئی عمارت میں ادارہ منتقل ہوا اور مندرجہ ذیل امور میں کامیابی سے ہمکنار ہوا:

۱) دینی اور معاشرتی مسائل میں رہنمائی۔ بالمشافہ ملاقاتوں کے علاوہ خط اور ٹیلیفون کے ذریعہ درجنوں حضرات اور خواتین نے رابطہ کیا اور الحمدللہ اکیڈمی ان میں سے اکثر کے مسائل حل کرنے میں کامیاب رہی۔

۲) غیر مسلموں میں دینی دعوت۔ ایک حد تک اس کی طرف توجہ دی گئی۔ کچھ پمفلٹ بھی تقسیم کیے گئے اور غیر مسلموں سے دعوت کے پہلو پر ملاقاتیں اور بات چیت بھی رہی۔ الحمد للہ سال رواں میں ۲۱ غیر مسلم اسلام کے دامن میں داخل ہوئے جن میں سکھ، ہندو، سیاہ فام اور مقامی گورے بھی داخل ہیں۔

۳) دینی لٹریچر۔ انگریزی زبان میں کئی ایک چھوٹے چھوٹے پمفلٹ کئی ہزار کی تعداد میں تقسیم کئے گئے۔ ان کی فہرست یہ ہے:۔

۱۔ اسلامی وصیت نامہ
۲۔ حج
۳۔ آپ عمرہ کیسے کریں؟
۴۔ صوم

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

۵۔ زکوۃ

۶۔ اسلام کی خوبیاں میلکم ایکس کی نظر میں

نیز قربانی اور عمرہ کیسے کریں' دو رسالے بھی شائع کئے اور ماہنامہ ریاض الجنۃ اپنے تیرے سال میں قدم رکھ چکا ہے۔ قارئین کی تعداد ۱۵۰۰ کے قریب ہے۔

۴) اسلامی تعلیم۔ مکاتیب سے فارغ ہونے والے بچوں کو زہریلے ماحول سے بچانے اور مزید تعلیم دینے کی غرض سے ایک کورس مرتب کیا ہے۔ جس میں مندرجہ ذیل مضامین پڑھائے جاتے ہیں:

۱۔ قرآن مجید تجوید کے ساتھ ۲۔ عقائد ۳۔ حدیث ۴۔ فقہ ۵۔ آداب المعاشرت ۶۔ دعائیں ۷۔ اخلاق ۸۔ سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم۔

اللہ تعالیٰ کے فضل سے ۲۵ طالب علموں نے اعلیٰ نمبرات سے کامیابی حاصل کی ہے۔ جگہ کی تنگی کی وجہ سے مزید داخلہ دشوار ہے تاہم دوسری جگہ کے انتظام کی کوشش جاری ہے۔

۵) درجہ علمیت۔ ان بچوں کیلئے جو انگریزی تعلیم میں کامیابی کے ساتھ ترقی کر رہے ہیں اور ساتھ ساتھ دینی علم کا ذوق بھی رکھتے ہیں یہ انتظام کیا گیا ہے۔ ۴ طالب علم نے عربی اول کی کتابوں کا امتحان دیا اور اعلیٰ نمبرات سے پاس ہوئے۔

۶) درجہ حفظ۔ ایک کلاس درجہ حفظ کی تجوید کے ساتھ جاری ہے۔ جگہ کی تنگی کی وجہ سے اس میں بھی وسعت کی گنجائش نہیں۔ ۱۲۰ طالب علم ہیں اور ان شاء اللہ ان میں سے آئندہ سال کچھ ختم بھی کریں گے۔

۷) نوجوانوں کیلئے جلسے اور قرآن کے حلقے۔ انگلینڈ کے مختلف شہروں میں سے کسی نہ کسی شہر میں ہر ہفتہ انگلش میں نوجوانوں کیلئے اصلاحی پروگرام اور ہر ہفتہ مقامی شہر لیسٹر میں ایک مرتبہ درس قرآن پاک کا پروگرام ہوتا ہے۔ سال میں ایک دفعہ کسی ہال کو کرایہ پر لے کر ان نوجوانوں کو جمع کیا جاتا ہے جو مسجد میں آنے کے لئے بھی آمادہ نہیں ہیں۔ اس سال الحمدللہ اس جلسہ میں ۶۰۰۔۵۰۰ نوجوان جمع ہوگئے تھے اور نوجوانوں پر اچھے اثرات رہے۔

© rasailojaraid.com